16/12/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے وِجے دِوس کے موقعہ پر 1971 کی جنگ میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر جوانوں کو خراج عقیدت ادا کیا ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں منوج سنہا نے کہاہے کہ ان جوانوں کی بہادری ، غیر متزلزل عزم اور جواں مردی نے اس جنگ میں بھارت کو ایک فیصلہ کن کامیابی سے ہمکنار کیا ۔ ایل نے کہا کہ قوم اُن جوانوں کی خدمات اور قربانیوں کی ہمیشہ مرہونِ منت رہے گی ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سرینگر ضلع کے ترقیاتی منظر نامہ کا جائزہ لینے کی غرض سے کل ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی ۔ انہوں نے لوگوں کو در پیش مسائل اور مشکلات کے تعلق سے بھی عوام کے چُنے ہوئے نمائندوں سے جانکاری حاصل کرتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ ابھارے گئے مسائل کے فوری ازالے کی خاطر ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں گے ۔ وزیر اعلیٰ نے اچھن لینڈ فِل سائٹ سے اُبھرنے والے ماحولیاتی اور صحت عامہ کے مسائل کے مستقل اور پائیدار حل پر زور دیتے ہوئے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ ویسٹ منیجمنٹ کے سائنسی اور عوام دوست طرزِ عمل کو اپناتے ہوئے اس مسلہ کی مقررہ وقت میں چارہ جوئی کریں ۔

لانچ کرتے ہوئے Logo میں جموں میراتھن کا Palace دریں اثناءوزیر اعلیٰ نے کل ہری نِواس امید ظاہر کی کہ یہ میراتھن ملک کے دوڑ سے متعلق کلینڈر میں ایک یادگار تقریب کی حیثیت سے ابھرے گا ۔ اس موقعہ پر نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کے وزیر ستیش شرما اور دیگر کئی سرکردہ شخصیات بھی موجود تھیں ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کل ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کے دوران 19 دسمبر سے 25 دسمبر
تک ملک بھر میں چلائی جا رہی ” پر شاسن
گاو

ں کی اور “ مہم کے سلسلے میں کی گئی تیاریوں کا جائزہ لیا ۔ میٹنگ میں سبھی محکموں کے ۓ
انتظامی سیکریٹریوں نیز سبھی اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں نے شرکت کی ۔ چیف سیکریٹری موثر
عوامی رابطہ کاری کی اہمیت اجا گر کرتے ہوئے سبھی محکموں کے حکام کو ہدایت دی کہ وہ
اس مہم کو کامیاب بنانے کے سو فیصد آپسی تال میل یقینی بنائیں ۔ انہوں نے کہا کہ ” پرشاسن
گاو

ں کی اور “ مہم عام لوگوں تک ترقیاتی فوائد پہنچانے کا ایک اہم وسیلہ ہے اور افسران کو یہ ۓ
بات یقینی بنانے چاہئے کہ یہ ایک سود مند مشق ثابت ہو ۔

بارہمولہ کمیٹی

قانون ساز اسمبلی کی طرف سے جل جیون مشن کی عمل آوری میں ہوئی مبینہ دھاندلیوں کی
تحقیقات کے سلسلے میں قائم کی گئی ہاوس کمیٹی نے کل بارہمولہ میں جل جیون سکیموں کا بر
سر موقعہ جائزہ لیا ۔ ممبر اسمبلی حسنین مسعودی جو کہ کمیٹی کے چیر مین بھی ہیں کی
سربراہی میں کمیٹی نے کئی واٹر سپلائی سکیموں کی عمل آوری میں رہنما خطوط کی پاسداری
اور عوام کی جانب سے ابھارے گئے شکوک و شبہات کا جائزہ لیا ۔ اس موقعہ پر متعلقہ حکام نے
کمیٹی کو ان سکیموں سے جُڑے مختلف امور کے بارے میں آگاہی دی ۔

کمیٹی میٹنگ

قانون ساز اسمبلی کی پبلک
اکاو

نٹس کمیٹی کی ایک میٹنگ کل کمیٹی کے چیر مین شام لال شرما کی صدارت میں منعقد ہوئی ۓ
کا جائزہ لیا گیا ۔ کمیٹی کے Paras جس دوران مکانات و شہری ترقی محکمہ کے مختلف آڈِٹ
ممبران نذیر احمد خان گریزی ، بلونت سنگھ منکوٹیا ، قیصر جمشید لون ، جاوید حسن بیگ اور
سجاد شاہین کے علاوہ دیگر متعلقہ حکام نے بھی میٹنگ میں شرکت کی ۔

ایڈوائزری

محکمہ فوڈ اینڈ ڈرگس ایڈمنسٹرین جموں کشمیر نے لوگوں سے کہا ہے کہ وہ انڈوں میں ملاوٹ کی خبروں کو لے کر پریشان نہ ہوں کیونکہ اِن رپورٹوں کی کوئی سرکاری اعتباریت نہیں ہے ۔ اسسٹنٹ کمشنر فوڈ سیفٹی کشمیر ہلال احمد میر نے لوگوں کو بے جھجھک انڈوں کا استعمال کرنے کی صلاح دیتے ہوئے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا کہ محکمے نے انڈوں کی جانچ کے لئے کئی نمونے لیبارٹری بھیجے ہیں جن کی رپورٹ آنا باقی ہے ۔

ونٹر جنگل

وادی میں درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔ تاہم ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 1اعشاریہ 8 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 8 اعشاریہ4 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ